DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i2.2903

# امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نظریۂ تطبیق: عقودِ مالیہ کا اختصاصی مطالعہ

سعید احمد سعیدی ۞
ابو الحسن محمد شاہ الازھری ۞

# Imam Sha'rani's Theory of Conformity: A Specific Study of Financial Contracts

**Saeed Ahmad Saeedi** ۞
**Abulhassan Muhammad Shah al-azhari** ۞

**Abstract***:* Divergent perspectives on jurisprudential matters have persisted since the era of the Companions of the Holy Prophet. Through subsequent centuries, these differences culminated, resulting in the emergence of four schools of thought on the canvas of Islamic jurisprudence. Throughout Islamic history, numerous scholars have endeavored to create conformity among the contrasting opinions of these major jurists, with Imam Abd al-Wahhab Sha'rani standing out as a pioneering figure in initiating this. This study undertakes a meticulous examination of the varying doctrines held by these schools of thought, specifically focusing on their viewpoints regarding financial matters. Notably, the research places significant emphasis on Imam Sha'rani's pivotal role in reconciling and interpreting these contradictions. Regarding the knowledge of the reconciliation of legal matters of various strands in Islamic jurisprudence, Imam Sha'rani wrote a permanent book in this art called "Meezan Al-Kubra" He is the first person to introduce this art, and the book is the first on this topic. His theory centers on intensity and reduction in addressing jurisprudential contrasts. He outlined separate rules for the strong and the weak, emphasizing caution for

۞ ایسوسی ایٹ پروفیسر، انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، پنجاب یونی ورسٹی، لاہور۔
۞ ڈین کلیہ سماجی علوم، الکرم انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ، بھیرہ، سرگودھا۔
۞ Associate Professor, Institute of Islamic Studies, University of the Punjab Lahore. (saeed.is@pu.edu.pk)
۞ Dean Faculty of Social Sciences, Al-Karam International Institute, Bhera, Sargodha.

the people of Taqwa and ease for the commoners. It's important to note that a strong person cannot opt for the easier option and must follow the path. Similarly, a weak person isn't obligated to follow aggravation but should stick to reduction.
***Keywords:*** Jurisprudence, financial matters, al-Sha'rani, Meezan Al-Kubra, Intensity

**Summary of the Article**

This research article offers a comprehensive analysis of Imam Abd al-Wahhab Sha'rani's theory of conformity and its practical implications within Islamic jurisprudence, with a particular emphasis on financial contracts. The study situates Sha'rani within the broader context of Islam's universality and the need for adaptability within Sharia laws, highlighting his scholarly contributions across various disciplines. The study is divided into four main topics. Firstly, it provides an overview of Imam Sha'rani's contributions. Secondly, it delves into the practical application of Imam Sha'rani's theory. Thirdly, it examines contracts and financial agreements. Lastly, it presents case studies that showcase the real-world application of financial contract theory. Each of these topics will contribute to a comprehensive understanding of financial contract theory and its practical implications.

Since the time of the Companions of the Holy Prophet, divergent perspectives on jurisprudential matters have persisted. Over the centuries, these differences have culminated in the emergence of four schools of thought in Islamic jurisprudence. Throughout Islamic history, many scholars have attempted to reconcile the contrasting opinions of these major jurists, with Imam Abd al-Wahhab Sha'rani being a pioneering figure in this effort. This article particularly studies his seminal work, "Al-Mizan-Ul-Kabra," which offers profound insights and reflects his multifaceted expertise in navigating conformity between opposing rulings of jurists in Islamic legal principles.

Imam Sha'rani, emphasizes his concepts of aggravation and abatement in legal rulings. In this approach, Imam Sha'rani is committed to accommodating both strong and weak individuals of Islamic society regarding legal interpretations.

His theory outlines separate rules for the strong and the weak, emphasizing strict rules for the people of Taqwa and ease for the commoners. It's important to note that a strong person cannot opt for the easier option and must follow the strict path. Similarly, a weak person isn't obligated to follow aggravation but should stick to reduction.

The validity of certain financial transactions remains contentious among jurists. Selling wheat grains while still in stems is a subject of debate. Hanafi scholars

permit it, while Malikia allows it with conditions, that Shafi'i prohibits it. Shayrani categorizes these opinions under "azimat" and "leave."

Different Islamic jurists hold various opinions on the legality of selling movable and immovable goods before the buyer takes possession of them. According to Ahnaf, selling movable goods before possession is not permissible, while Shafi'i prohibits the sale of both movable and immovable goods. Malikia prohibits the sale of grain before possession, whereas Hanabala allows it based on specific criteria. Sha'rani categorizes these views into two fundamental categories: "azimat" (severity) and "leave" (leniency). Those who are more conscious of their religious obligations should follow the stricter Madhab, while those who are not as knowledgeable can follow the easier way. Likewise, he follows the same rule regarding the legitimacy of "bay' aina," which involves selling something on credit and then purchasing it back at a reduced price. Malikia and Hanbalah consider this practice invalid, while Ahnaf has specific conditions for its validity. Shafi'i permits it but with a sense of disapproval.

Similarly, the validity of conditional sales, known as "makra's beya," is disputed. Hanafi scholars argue its invalidity unless justified post-contract, while Malikia considers it optional, allowing the choice to cancel or enforce. Shafi'i and Hanbalah reject it due to the will's extinguishment at the contract's time. Opinions diverge on contracts involving blind individuals. Hanafi, Malikia, and Hanbal scholars consider them valid with conditions, while Shafi'i disagrees, citing the inability of the blind to discern good from bad. Disagreements arise regarding selling milk from animal udders. Shafi'i and Hanbal scholars regard it as irregular, while Hanafi scholars, except Imam Abu Yusuf, permit it under certain conditions. Malikia permits it under specific circumstances. Jurists hold differing views on the validity of "bai'alim" (cash-on-delivery sale). Hanafi, Malikia, and Hanbal scholars require the Muslim buyer to borrow, while Shafi'i permits it in both cash and credit. Regarding "salam" (advance payment) in animals, Hanafi scholars prohibit it, while Malikia, Shafi'i, and Hanbal scholars justify it. Sha'rani discusses these views, attributing them to varying levels of faith and piety, categorizing them under "azimat" and "leave."

In conclusion, this research has offered a thorough examination of Imam Abd al-Wahhab Sha'rani's theory of conformity and its application to financial contracts within Islamic jurisprudence. By situating Sha'rani's contributions within the broader context of Islamic legal tradition, the study has shed light on his efforts to reconcile divergent perspectives among jurists and accommodate the varying needs of individuals within Islamic society. Through discussions on contentious issues such as the sale of wheat grains, conditional sales, and contracts involving blind individuals, the study has underscored the importance of Sha'rani's approach in categorizing differing opinions under "azimat" and "leave" to

address the complexities of real-world scenarios. Furthermore, Sha'rani's concepts of aggravation and abatement in legal rulings have been elucidated, emphasizing the need to balance strict adherence to Islamic principles with practical considerations.

اسلام عالم گیر دین ہے۔اس کے مخاطب تمام عالم کے لوگ ہیں۔خطوں اور طبقوں کا وہاں کے باشندوں پر گہرا اثر پڑتا ہے۔احکامِ شرعیہ میں وسعت ونرمی کی حکمتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ تمام انسانوں کے لیے ان احکام پر عمل کرنا ممکن اور آسان بنایا جائے۔اسی وسعت کو فنی زبان میں لفظ"اختلاف "سے تعبیر کر دیا جاتا ہے۔ فقہی احکام سے متعلق عہد صحابہ ہی سے آرا کا اختلاف رہا ہے اوران کے بعد بھی یہ اختلاف مسلسل جاری ہے۔یہ اختلاف چوں کہ عین منشاے شریعت ہے؛اس لیے فقہاے کرام کے مابین اس اختلاف کو کبھی بھی معیوب نہیں جانا گیا، لیکن اختلافِ روایات و اقوالِ فقہا میں ترجیح کے ساتھ ساتھ تطبیق کی کوششیں کی جاتی رہی ہیں ۔احادیث اور اقوال میں تطبیق دینے والی شخصیات میں ایک نمایاں شخصیت امام عبد الوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں آپ نے ائمۂ اربعہ کے مختلف فیہ اقوال میں تطبیق کا بیڑا اٹھایا، اور اس فن میں **المیزان الکبری** کے نام سے مستقل کتاب لکھی۔بلاشبہ آپ کو تطبیق دینے والی پہلی شخصیت اور آپ کی کتاب کو فنِ تطبیق کی اولین کتاب قرار دیا جاسکتا ہے۔زیرِ نظر مقالے میں ان کے منہجِ تطبیق کو عقودِ مالیہ کے تناظر میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مقالے کو چار مباحث میں تقسیم کیا جائے گا۔

مبحث اول : امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

مبحث دوم : امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نظریۂ تطبیق

مبحث سوم : عقد اور عقودِ مالیہ کی تفہیم

مبحث چہارم : عقودِ مالیہ کے متعلق نظریۂ تطبیق کی چند امثلہ

## مبحث اول: امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

امام عبد الوہاب بن احمد بن علی بن محمد بن موسیٰ الشعرانی رحمۃ اللہ علیہ ۸۹۸ھ بمطابق ۱۴۹۳ء کو ابوشعرہ نامی

بستی میں پیدا ہوئے۔[۱] آپ کا سلسلہ نسب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔[۲] آپ ایک فقیہ، اصولی، محدث، صوفی اور مختلف علوم میں مہارتِ تامہ رکھنے والی شخصیت تھے۔[۳] آپ نے مختلف علوم وفنون، جن اساتذہ سے حاصل کیے ان کی تعداد خود ہی کم وبیش پچپن (۵۵) بتائی ہے۔[۴]

اپنے اساتذہ میں سے آپ نے جن سے سب سے زیادہ اکتسابِ فیض کیا، ان کا نام حضرت علی خواص رحمۃ اللہ علیہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں حضرت علی خواص رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کثرت سے ملتا ہے۔آپ نے دس سال کا عرصہ ان کی صحبت میں گزارا جس کے بارے میں آپ لکھتے ہیں: "و كانت مدة صحبتي له عشر سنين فكأنها كانت ساعة"[۵] (اور ان کے ساتھ میری صحبت کی مدت دس سال تھی لیکن محسوس ہوتا ہے کہ (یہ صحبت) گویا ایک لمحہ کی تھی۔)

آپ کو علم سے بہت محبت تھی گویا کہ یہ علم ہی آپ کی زندگی کا عظیم مشغلہ رہا ہے۔ایک عرصہ علوم وفنون کی جستجو میں گزارنے کے بعد آپ نے اپنی بقیہ زندگی بھی درس وتدریس، مطالعہ اور تصنیف وتالیف ہی میں بسر کر دی۔[۶] آپ نے ۹۷۳ھ میں قاہرہ میں وفات پائی۔ آپ کی نمازِ جنازہ میں کثیر تعداد میں علما، فقہا، امرا اور صوفیہ نے شرکت فرمائی۔[۷]

آپ کی گراں قدر تصانیف وتالیفات میں سے ایک **المیزان الکبریٰ** بھی ہے۔یہ کتاب ایک تو آپ کے فقہ اور اصولِ فقہ کے ساتھ شغف پر دال ہے، دوسرا یہ کتاب اپنے موضوع کے اعتبار سے اس فن (فنِ تطبیق) کی پہلی

---

۱- عبدالوہاب الشعرانی، **لواقح الأنوار القدسية**، مقدمہ (بیروت: دار صادر....)، ۵۔

۲- حاجی خلیفہ کاتب چلپی، **كشف الظنون في أسامي الكتب والفنون** (کوئٹہ: مكتبة فاروقية....)، ۵: ۵۱۵۔

۳- عمر رضا کحالہ، **معجم المؤلفين** (بیروت: دار إحياء التراث العربي ....)، ۵: ۲۱۸۔

۴- عبدالوہاب الشعرانی، **المنن الكبرى** (بیروت: دار الكتب العلمية، ۱۴۲۰ء)، ۵۷۔

۵ - عبدالوہاب الشعرانی، **الطبقات الكبرى**، ۲:۶۱۰۔

۶- عبدالوہاب الشعرانی، **اليواقيت والجواهر** (مصر:...)، ۲: ۲۰۱۔

۷- عبدالرؤف المناوی، **الطبقات الكبرى**، حاشية محمد اديب الجادر، (بیروت: دار صادر)، ۳:۳۹۶۔

کتاب ہے۔ اس کتاب کی تالیف کے دوران آپ نے سینکڑوں کتب اور متعدد علوم وفنون کا مطالعہ کیا۔[۸]

## مبحث دوم: امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نظریۂ تطبیق

**المیزان الکبریٰ** آپ کی مایۂ ناز تصنیف ہے جو اربابِ علم کے ہاں اعلیٰ مقام کی حامل ہے۔ آپ اس کتاب کی وجہِ تالیف بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

و بعد فهذه ميزان نفيسة عالية المقدار حاولت فيها ما بنحوه يمكن الجمع بين الأدلة المتغايرة في الظاهروبين أقوال جميع المجتهدين ومقلديهم من الأولين و الآخرين إلى يوم القيامة كذلك لم أعرف أحدا سبقني إلى ذلك في سائر الأدوار.[۹]

(حمد وصلاۃ کے بعد، یہ ایک نفیس اور بڑے وزن کا میزان ہے۔ اس میں میں نے کوشش کی ہے وہ چیزیں ذکر کروں جس کے ذریعے ظاہراً مختلف دلائل اور قیامت تک کے اولین و آخرین مجتہدین اور ان کے مقلدین کے اقوال کے مابین جمع و تطبیق ممکن ہو۔ (سابقہ) تمام ادوار میں میں کسی ایسے شخص کو نہیں جانتا جس نے مجھ سے پہلے کبھی یہ کام کیا ہو۔)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے نظریۂ تطبیق کی بنیاد دو چیزوں کو بنایا ہے:

۱۔ تشدید (عزیمت)

۲۔ تخفیف (رخصت)

ان دونوں درجوں میں آپ نے لوگوں کے ایمان اور جسم کے اعتبار سے قوت اور ضعف کو ملحوظ رکھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

فإن جميع المكلفين لا يخرجون عن قسمين: قوى و ضعيف من حيث إيمانه أو جسمه في كل عصر وزمان، فمن قوي منهم خوطب بالتشديد و الأخذ بالعزائم و من ضعف منهم خوطب بالتخفيف و الأخذ بالرخص و كل منهما حينئذ على شريعة من ربه و تبيان ، فلا يؤمر القوي بالنزول إلى الرخصة و لا يكلف الضعيف بالصعود للعزيمة و قد رفع الخلاف فى جميع أدلة الشريعة و أقوال علمائها عند كل من عمل بهذه الميزان.[۱۰]

---

۸۔ الشعرانی، **المیزان الکبری** (مصر: مصطفى البابي،....)، ا: ۹۱-۹۵۔

۹۔ الشعرانی، **المیزان الکبری**، ا: ۳۔

۱۰۔ الشعرانی، نفسِ مصدر، ا: ۳۔

(تمام مکلفین ہر زمانے میں اپنے ایمان اور جسم کے اعتبار سے دو قسموں سے خارج نہیں ہیں: قوی اور ضعیف۔ پس مکلفین میں سے جو قوی ہے وہ تشدید اور عزیمتوں پر عمل کرنے کا مخاطب ہے اور جو ان میں سے ضعیف ہیں وہ تخفیف اور رخصتوں پر عمل کرنے کے مخاطب ہیں۔ ان دونوں (ضعیف اور قوی) میں سے ہر ایک (رخصت یا عزیمت پر عمل کرتے وقت) اپنے رب کی شریعت اور بیان کردہ ہدایت پر ہو گا۔ پس قوی کو رخصت کی طرف اترنے کا حکم نہیں دیا جائے گا اور نہ ہی ضعیف کو عزیمت پر عمل کرنے کا مکلف بنایا جائے گا۔ جب کوئی بھی اس میزان پر عمل کرے گا تو تمام ادلۂ شریعہ اور اقوالِ علما کا اختلاف اٹھ جائے گا۔)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ کوئی اختیاری چیز نہیں ہے کہ قوی رخصت پر عمل کرے یا ضعیف عزیمت پر عمل کر کے خود کو مشقت میں مبتلا کرے، بلکہ ہر ایک کا اپنے درجے میں رہنا لازم ہے اور یہی عین شریعت پر عمل کرنا ہے۔

کوئی حدیث یا قول ایسا نہیں کہ جس کے مقابلے میں کوئی اور حدیث یا قول ہو اور وہ تشدید و تخفیف (عزیمت و رخصت) کے اس اصول سے خالی ہو، چناں چہ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فامتحن يا أخي ما قلته لك، في كل حديث و مقابله أو كل قول و مقابله تجد كل واحد منهما لا بد أن يكون مخففا و الآخر مشدّدًا و لكل منهما رجال في حال مباشرتهم الأعمال و من المحال أن لايوجد لنا قولان معا في حكم واحد مخففان أو مشددان۔[۱۱]

(اے میرے بھائی! میں نے جو تجھے بات کہی اس کو آزمالو، ہر حدیث اور اس کے مقابل حدیث میں یا ہر قول اور اس کے مقابل قول میں تو لازماً پائے گا کہ ان میں سے ایک مخفف ہے اور دوسرا مشدد ہے۔ اور مخفف اور مشدد میں سے ہر ایک کے لیے اعمال کی بجا آوری کے لحاظ سے لوگ (موجود) ہیں اور یہ محال ہے ہم ایک ہی حکم میں دو قول ایسے پائیں کہ وہ دونوں مخفف ہوں یا دونوں مشدد۔)

گویا امام صاحب کے نزدیک کوئی حدیث یا قول ایسا نہیں جس کے مخالف حدیث یا قول موجود ہو، لیکن ان میں تخفیف اور تشدید کا پہلو نہ ہو۔ آپ کا یہ قول ان تمام اختلافات کو رفع کرنے کے لیے کافی ہے جو متعارض احادیث یا اقوال کی بنا پر پیدا ہوتے ہیں اور ان میں ایک حدیث یا قول پر تو عمل کیا جاتا ہے اور دوسرے کو سرے سے رد ہی کر دیا جاتا ہے۔

اس میں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ نظریہ (تشدید اور تخفیف) صرف ان احادیث یا اقوال کے بارے میں ہے جن کے مقابل کوئی حدیث یا قول ہو۔ اگر کسی حدیث کے مقابل کوئی اور

---

۱۱- الشعرانی، نفسِ مصدر، ۱: ۳۔

حدیث یا کسی قول کے مقابل کوئی اور قول نہ ہو تو اس میں تخفیف اور تشدید کا پہلو نہیں پایا جائے گا۔

حتی المقدور کوشش کی جانی چاہیے کہ دو متعارض احادیث میں تطبیق کی راہ نکالی جائے۔ کسی ایک حدیث پر عمل کرنا اور دوسری کو رد کرنا یہ پسندیدہ عمل نہیں جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بے شک دونوں حدیثوں یا دونوں اقوال پر عمل کرنا یہ اس سے بہتر ہے کہ ان میں سے ایک کو لغو قرار دے دیا جائے۔ بے شک یہ کمالِ ایمان کی علامت ہے۔"(۱۲)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کے نظریۂ تطبیق کو مزید واضح کرنے کے لیے ذیل میں ہم عقودِ مالیہ کی چند ایک امثلہ ذکر کریں گے جن سے آپ کے نظریۂ تطبیق اور تخفیف و تشدید کو سمجھنے میں مزید آسانی ہو گی۔

## مبحث سوم: عقد اور عقودِ مالیہ کی تفہیم

### عقد کا مفہوم

عقودِ مالیہ میں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نظریۂ تطبیق جاننے سے قبل ضروری ہے کہ عقد اور عقودِ مالیہ کا مفہوم جان لیا جائے۔ عقد کی تعریف بیان کرتے ہوئے علامہ ابو بکر الجصاص لکھتے ہیں:

الْعَقْدُ مَا يَعْقِدُهُ الْعَاقِدُ عَلَى أَمْرٍ يَفْعَلُهُ هُوَ أَوْ يَعْقِدُ عَلَى غَيْرِهِ فِعْلَهُ عَلَى وَجْهِ إلْزَامِهِ إيَّاهُ لِأَنَّ الْعَقْدَ إذَا كَانَ فِي أَصْلِ اللُّغَةِ الشَّدُّ ثُمَّ نُقِلَ إلَى الْأَيْمَانِ وَالْعُقُودُ عُقُودُ الْمُبَايَعَاتِ وَنَحْوِهَا فَإِنَّمَا أُرِيدَ بِهِ إلْزَامُ الْوَفَاءِ بِمَا ذَكَرَهُ وإيجابه عَلَيْهِ وَهَذَا إنَّمَا يَتَنَاوَلُ مِنْهُ مَا كَانَ مُنْتَظَرًا مُرَاعًى فِي الْمُسْتَقْبَلِ مِنْ الْأَوْقَاتِ۔(۱۳)

(عقد اس اقدام کو کہتے ہیں جس کے تحت عقد کرنے والا کسی ایسے کام کی گرہ ڈال دیتا ہے جسے وہ خود سر انجام دینا چاہتا ہے یا کسی اور کے ذمے اس طرح لگا دیتا ہے کہ اس پر اس کام کو انجام دینا مراد ہوتا ہے جس کا عاقد نے ذکر کیا ہے۔ یہ مفہوم عقد کی ان صورتوں کو شامل ہوتا ہے جن کے وقوع پذیر ہونے کا وقت یعنی مستقبل میں انتظار کیا جاتا ہے اور انھیں نگاہ میں رکھا جاتا ہے۔)

### عقودِ مالیہ کا مفہوم

**الموسوعة الفقهية الكويتية** میں ہے:

---

۱۲- الشعرانی، نفسِ مصدر، ۱: ۳۔

۱۳- احمد بن علی، ابو بکر الرازی الجصاص، **أحكام القرآن** (بیروت: دار الكتب العلمية، ۱۴۱۵ھ)، ۲: ۳۷۰۔

الْعَقْدُ إِذَا وَقَعَ عَلَى عَيْنٍ مِنَ الأَعْيَانِ يُسَمَّى عَقْدًا مَالِيًّا بِاتِّفَاقِ الْفُقَهَاءِ، سَوَاءٌ أَكَانَ نَقْل مِلْكِيَّتِهَا بِعِوَضٍ، كَالْبَيْعِ بِجَمِيعِ أَنْوَاعِهِ مِنَ الصَّرْفِ وَالسَّلَمِ وَالْمُقَايَضَةِ وَنَحْوِهَا أَمْ بِغَيْرِ عِوَضٍ، كَالْهِبَةِ وَالْقَرْضِ وَالْوَصِيَّةِ بِالأَعْيَانِ وَنَحْوِهَا، أَوْ بِعَمَلٍ فِيهَا، كَالْمُزَارَعَةِ وَالْمُسَاقَاةِ وَالْمُضَارَبَةِ وَنَحْوِهَا.[١٤]

(عقد جب کسی عین پر واقع ہو تو اسے عقدِ مالی کہتے ہیں۔ اس پر فقہا کا اتفاق ہے، برابر ہے کہ اس کی ملکیت عوض کے ذریعے سے منتقل ہو، جیسے: بیع اور اس کی تمام اقسام مثلاً: صرف، سلم اور مقایضہ وغیرہ، یا بلا عوض منتقل ہو، جیسے: ہبہ، قرض اور اعیان کی وصیت وغیرہ یا اس میں عمل کے ذریعے سے منتقل ہو، جیسے، مزارعت، مساقات اور مضاربت وغیرہ۔)

## مبحث چہارم: عقود مالیہ کے متعلق نظریۂ تطبیق کی چند امثلہ

عقودِ مالیہ میں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کے نظریۂ تطبیق کی چند ایک امثلہ درج ذیل ہیں:

### ۱۔ قبضے سے قبل بیع کا حکم

منقولہ اور غیر منقولہ اشیا میں قبضے سے پہلے بیع کے جواز اور عدمِ جواز میں فقہاے کرام کا اختلاف ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

#### حنفیہ کا نقطۂ نظر

حنفیہ کے نزدیک منقولہ اشیا میں قبضے سے پہلے بیع جائز نہیں، کیوں کہ اس سے منع فرمایا گیا ہے۔ ان کے نزدیک غیر منقولہ اشیا (زمین، گھر وغیرہ) کی بیع جائز ہے کیوں کہ یہ چیزیں غرر سے محفوظ ہوتی ہیں۔[١٥]

ان کے نزدیک قبضے سے پہلے بیع کے جواز یا عدمِ جواز کی علت غرر ہے۔ چوں کہ منقولہ اشیا میں غرر ممکن ہے؛ اس لیے ان کی بیع جائز نہیں جب کہ غیر منقولہ اشیا غرر سے محفوظ ہوتی ہیں؛ اس لیے ان کی بیع کرنے میں حرج نہیں۔

#### شافعیہ کا نقطۂ نظر

شافعیہ کے نزدیک قبضے سے پہلے (منقولہ اور غیر منقولہ اشیا کی بیع) مطلقاً جائز نہیں۔[١٦] شافعیہ اس بیع

---

١٤- **الموسوعة الفقهية الكويتية** (الكويت: وزارة الأوقاف والشئون الإسلامية، الطبعة، من ١٤٠٤ھ- ١٤٢٧ھ)، ٣٠: ٢٢٧۔

١٥- وہبہ الزحیلی، **الفقه الإسلامي و أدلته** (دمشق: دار الفكر، ----)، ٥: ١٨٣۔

١٦- الزحیلی، نفسِ مرجع، ٥: ١٨٣۔

کے عدمِ جواز کا استدلال درج ذیل حدیث سے کرتے ہیں:"فَإِنَّ رَسُولَ اللهَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ تُبَاعَ السِّلَعُ حَيْثُ تُبْتَاعُ، حَتَّى يَحُوزَهَا التُّجَّارُ إِلَى رِحَالِهِمْ."[۱۷] (رسول اللہ ﷺ نے جس جگہ سامان خریدا ہے اسی جگہ (قبضے سے پہلے) سامان کو بیچنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ تاجر اس کو اپنے کجاووں میں لے جائیں۔(یعنی اس پر مکمل قبضہ کر لیں))

شافعیہ کا موقف ہے کہ اس حدیث میں چوں کہ نہی عام ہے جس میں منقولہ یا غیر منقولہ اشیا میں تفریق نہیں کی گئی، اس لیے قبضے سے پہلے بہر صورت بیع ناجائز ہو گی خواہ وہ چیز منقولہ ہو یا غیر منقولہ۔

### مالکیہ کا نقطۂ نظر

مالکیہ کے نزدیک صرف غلے میں قبضے سے پہلے بیع کرنا منع ہے، باقی اشیا میں جائز ہے خواہ غلہ سودی ہو یا غیر سودی۔[۱۸] مالکیہ اپنے موقف پر اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں: "نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ يُبَاعَ الطَّعَامُ إِذَا اشْتَرَاهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ"[۱۹] (رسول اللہ ﷺ نے غلہ خریدنے کے بعد اس کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک بائع اس پر مکمل قبضہ کر لے۔)

### حنابلہ کا نقطۂ نظر

حنابلہ کے نزدیک اگر غلہ کیلی، وزنی یا عددی اشیا میں سے ہو تو (قبضے سے پہلے) اس کی بیع منع ہے۔ ان کی دلیل بھی وہی حدیث ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے قبضے سے پہلے غلے کی بیع کرنے سے منع فرمایا ہے۔[۲۰]

### امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ قبضے سے پہلے بیع کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

---

۱۷- ابوداؤد سلیمان بن الاشعث، **سنن أبي داود** (بیروت: دار الرسالة العالمية، ۲۰۰۹ء)، رقم: ۳۴۹۹۔

۱۸- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۸۳۔

۱۹- محمد بن اسماعیل البخاری، **الجامع الصحيح** (بیروت: دار طوق النجاة، ۱۴۲۲ھ)، رقم: ۲۱۲۴۔

۲۰- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۸۳۔

ومن ذلك قول الشافعي و محمد بن الحسن أنه لا يجوز بيع ما لم يستقر ملكه عليه مطلقا قبل قبضه عقارا كان أو منقولا مع قول أبي حنيفة يجوز العقار قبل القبض و مع قول مالك لا يجوز بيع الطعام قبل القبض و أما ما سواه فيجوز و مع قول أحمد إن كان المبيع مكيلا أو موزونا أو معدودا لم يجز بيعه قبل قبضه و إن كان غير ذلك جاز، فالأول مشدد و الثاني فيه تخفيف و الثالث فيه تفصيل فرجع الأمر إلى مرتبتي الميزان.[21]

(مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ امام شافعی اور امام محمد کے نزدیک مبیع پر قبضے سے پہلے اس کی بیع جائز نہیں خواہ وہ عقار (زمین وغیرہ) ہو یا منقولہ چیز ہو۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک عقار کی بیع قبضے سے قبل بھی جائز ہے۔ امام مالک کا موقف ہے کہ غلہ کی بیع قبضے سے قبل جائز نہیں اس کے علاوہ باقی اشیا کی جائز ہے۔ جب کہ امام احمد کا قول ہے کہ اگر مبیع کیلی، وزنی یا عددی ہو تو قبضے سے پہلے اس کی بیع جائز نہیں اور اگر اس کے علاوہ ہے تو جائز ہے۔ پس پہلا قول مشدد ہے، دوسرے قول میں تخفیف ہے اور تیسرے قول میں تفصیل ہے۔ تو معاملہ میزان کے دو مرتبوں (تشدید اور تخفیف) کی طرف لوٹ گیا۔)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلے میں مختلف فیہ اقوال بیان کرنے کے بعد ان میں تطبیق یوں دی ہے کہ ان میں سے پہلا قول مشدد ہے یعنی مبنی بر عزیمت ہے جو قوی لوگوں کے لیے ہے، جب کہ دوسرا قول مخفف یعنی مبنی بر رخصت ہے جو کہ ضعیف لوگوں کے لیے ہے۔ یوں دیکھا جائے تو اس عقد کا حکم بھی انھی دو بنیادی مراتب یعنی عزیمت اور رخصت کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

## ۲. بیع عینہ کا حکم

بیع عینہ (وہ بیع جس میں کوئی شخص اپنی کوئی چیز کسی کو ادھار پہ فروخت کرے اور پھر اس سے وہی چیز کم قیمت پر خرید لے) کے عقد کے حکم میں فقہاے کرام کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

### مالکیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک سدِ ذرائع کے طور پر یہ بیع باطل ہے۔[22]

### حنفیہ کا نقطۂ نظر

امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس عقد میں اگر تیسرا شخص نہ ہو (یعنی دوبارہ خریدنے والے شخص بائع اور اور

---

۲۱- الشعرانی، المیزان الکبری، ۲: ۶۶۔

۲۲- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۸۴۔

مشتری کے علاوہ نہ ہو) تو یہ بیع فاسد ہے۔[۲۳]

## شافعیہ کا نقطۂ نظر

شافعیہ اور ظاہریہ کے نزدیک یہ بیع کراہت کے ساتھ جائز ہے۔[۲۴]

## امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ بیع عینہ کے جواز اور عدم جواز کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

ومن ذلك قول الشافعي بجواز بيع العينة مع الكراهة و ذلك بأن بيع سلعة بثمن إلى أجل ثم ليشتريها من مشتريها نقدا بأقل من ذلك مع قول أبي حنيفة و مالك و أحمد بعدم جواز ذلك فالأول مخفف خاص بالعوام و الثاني مشدد خاص بالأكابر من أهل التورع فرجع الأمرإلى مرتبتي الميزان.[۲۵]

(مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ امام شافعی کے نزدیک بیع عینہ کراہت کے ساتھ جائز ہے اور بیع عینہ یہ ہے کہ سامان کو ادھار قیمت کے عوض فروخت کرے پھر وہی چیز مشتری سے نقد اس سے کم قیمت پر خرید لے۔ امام ابو حنیفہ، امام مالک اور اور امام احمد اس کے عدم جواز کے قائل ہیں۔ پس پہلا قول مخفف ہے اور عوام کے ساتھ خاص ہے اور دوسرا قول مشدد ہے اور اہلِ تقویٰ اکابر کے ساتھ خاص ہے۔ تو معاملہ میزان کے دو مرتبوں (تشدید اور تخفیف) کی طرف لوٹ گیا۔)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلے میں ائمۂ اربعہ کی آرا نقل کر کے ان میں تطبیق یوں دی ہے کہ اس میں پائی جانے والی تمام آرا کو میزان کے انھی دو مراتب کی طرف لوٹایا ہے جو امام صاحب کے نظریۂ تطبیق کی بنیاد ہیں۔ مذکورہ بالا عبارت سے بالکل عیاں ہو جاتا ہے کہ امام صاحب نے اس مسئلے میں لوگوں کے ایمان اور تقوی کو ملحوظ رکھتے ہوئے تطبیق دی ہے یعنی جو ایمان اور تقوی میں کم زور ہیں ان کے لیے گنجائش ہے کہ وہ امام شافعی کے قول پر عمل کرتے ہوئے رخصت کو اختیار کریں، لیکن جو ایمان اور تقویٰ میں اعلیٰ مقام پر فائز ہیں ان کے لیے لازم ہے کہ

---

۲۳- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۸۴۔

۲۴- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۸۴۔

۲۵- الشعرانی، **المیزان الکبری**، ۲: ۷۰۔

وہ ائمۂ ثلاثہ کے قول پر عمل کریں اور عزیمت اختیار کرتے ہوئے اس بیع کو ممنوع جانیں۔

## ۳. سٹے میں گندم کی بیع کا حکم

گندم کے دانے جو ابھی سٹوں میں موجود ہوں اور ان کی کٹائی نہ کی گئی ہو آیا اس کی بیع جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاے کرام کی مختلف آرا ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

### حنفیہ کا نقطۂ نظر

احناف کے نزدیک گندم کی سٹوں میں اور لوبیے کی چھلکوں میں بیع جائز ہے اسی طرح چاول اور تل کی بیع بھی جائز ہے۔[۲۶] احناف کی دلیل درج ذیل حدیث ہے:

عَنِ ابْنِ عُمَرَأَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يَزْهُوَ، وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتَّى يَبْيَضَّ، وَيَأْمَنَ الْعَاهَةَ نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ.[۲۷]

(حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کی بیع سے منع فرمایا حتٰی کہ زرد ہو جائیں، سٹوں کی بیع سے منع فرمایا حتٰی کہ وہ سفید ہو جائیں اور آفت سے محفوظ ہو جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بائع اور مشتری دونوں کو منع فرمایا۔)

اور یہ بیع اس لیے بھی جائز ہے کہ فائدہ تو دانوں سے اٹھایا جاتا ہے تو ان کی بیع سٹوں میں بھی جائز ہے جیسے جو کی بیع جائز ہے۔

### مالکیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک بھی سٹوں میں دانوں کی بیع جائز ہے لیکن سٹوں کو چھوڑ کر صرف دانوں کی بیع بالاتفاق جائز نہیں؛ کیوں کہ یہ ایسی بیع ہے جس کی صفت اور کثرت غیر معلوم ہے۔ ان کی دلیل بھی سابقہ حدیث ہی ہے۔ اور یہ عقلی دلیل یہ دیتے ہیں جب سٹوں میں دانے سخت ہو جائیں تو ان کا صحیح ہونا ظاہر ہو جاتا ہے ؛ پس یہ ان پھلوں کی طرح ہو گئے جن کا صحیح ہونا (پک جانا) ظاہر چکا ہو۔ (جس طرح ان پھلوں کی بیع درست ہے اسی طرح سٹوں میں دانوں کی بیع بھی درست ہے)[۲۸]

---

۲۶- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۶۹۔

۲۷- مسلم بن الحجاج القشیري، **صحیح مسلم** (بیروت: دار إحیاء التراث العربي،....)، رقم: ۱۵۳۵۔

۲۸- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۷۰۔

## شافعیہ کا نقطۂ نظر

شافعیہ کے اصح قول کے مطابق ان اجناس کی سٹوں میں بیع درست نہیں جن کے دانے خوشوں میں نظر نہیں آتے، جیسے گندم، مسور اور تل وغیرہ اگرچہ ان میں سختی بھی پیدا ہو چکی ہو۔۔۔ احناف کے مذہب میں نقل کردہ حدیث کے بارے میں شوافع فرماتے ہیں کہ "وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتَّى يَبْيَضَّ" جَو وغیرہ پر محمول ہے۔ (۲۹)

## امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ سٹے میں گندم کی بیع کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

ومن ذلك قول الأئمة الثلاثة بصحة بيع الحنطة في سنبلها مع قول الشافعي في أرجح قوليه إنه لا يصح فالأول مخفف خاص بالعوام والثاني مشدّد خاص بالأكابر فرجع الأمر إلى مرتبتي الميزان. (۳۰)

(مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک گندم کی سٹوں میں بیع درست ہے؛ جب کہ امام شافعی کے راجح قول کے مطابق یہ بیع درست نہیں۔ پس پہلا قول مخفف ہے اور عوام کے ساتھ خاص ہے جب کہ دوسرا قول مشدد ہے اور اکابر کے ساتھ خاص ہے۔ تو معاملہ میزان کے دو مرتبوں (تشدید اور تخفیف) کی طرف لوٹ گیا۔)

اس مسئلے میں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے بہت زیادہ تفصیل میں جائے بغیر ائمۂ اربعہ کا موقف بیان کرنے کے بعد میزان کے دو مراتب کی طرف رجوع کرنے پر ہی اکتفا کیا ہے۔ اس مسئلے میں ائمۂ اربعہ کا مذہب (سٹوں میں گندم کا جواز) مبنی بر رخصت ہے اور عوام کے ساتھ خاص ہے یعنی عوام چاہیں تو اس مذہب پر عمل کر سکتے ہیں، لیکن اکابر (اہل تقوی اور ایمان میں قوی لوگ) کے لیے اس رخصت پر عمل کرنا جائز نہیں، بلکہ وہ امام شافعی کے مذہب کو اختیار کر کے عزیمت پر عمل کرتے ہوئے سٹوں میں گندم کی بیع سے اجتناب کریں۔

## ۴. مکرہ کی بیع کا حکم

مکرہ کی بیع نافذ ہو گی یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاے کرام کی مختلف آرا ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

## حنفیہ کا نقطۂ نظر

---

۲۹- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۷۰۔

۳۰- الشعرانی، **الميزان الكبرى**، ۲: ٦٧۔

حنفیہ کے نزدیک مکرہ کی بیع، فضولی کی بیع کی طرح موقوف وغیر نافذ ہے، اکراہ ختم ہونے کے بعد اگر وہ اس بیع کو جائز قرار دے دے تو نافذ ہو گی۔[۳۱]

## مالکیہ کا نقطۂ نظر

مالکیہ کے نزدیک یہ بیع لازم نہیں ہوتی پس مکرہ کو بیع فسخ کرنے یا اسے نافذ کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔[۳۲]

## شافعیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک یہ بیع درست نہیں عقد کے وقت (مکرہ کی) رضا کے معدوم ہونے کی وجہ سے۔[۳۳]

## امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ مکرہ کی بیع کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

ومن ذلك قول الأئمة الثلاثة إنه لا يصح بيع المكره مع قول أبي حنيفة بصحته فالأول مشدّد ودليله الأحاديث الصحيحة في ذلك والثاني مخفف ووجهه الأخذ بظاهر الحال لأنه لا اطلاع لنا على صحة الإكراه لرجوعه إلى ما في قلب العبد فقد يكون عنده قدرة على احتمال الضرب أو الحبس خلاف ما أظهره لنا من العجز وقد صرح لنا بالبيع لما رأى لنفسه في ذلك من الحظ والمصلحة لاسيما إن قبض الثمن مختارا فساعدناه على ذلك لنخلصه من عقوبة الظالم له بحبس أو غيره وجعلنا الإثم على الظالم فقط دون المشتري ويصح إلحاق الإثم بالمشتري أيضا حيث علم بالإكراه.[۳۴]

(اور مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک مکرہ کی بیع درست نہیں، جب کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس کی صحت کے قائل ہیں۔ پس پہلا قول مشدد ہے اور اس کی دلیل اس مسئلے میں وارد احادیثِ صحیحہ ہیں اور دوسرا قول

---

۳۱- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۷۷۔

۳۲- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۷۷۔

۳۳- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۷۷۔

۳۴- الشعرانی، **المیزان الکبری**، ۲: ۶۲-۶۳۔

مخفف ہے اس کی دلیل ظاہر حال کو لینا ہے کیوں کہ ہمیں اکراہ کی صحت کا علم نہیں، اس لیے کہ اکراہ کا تعلق بندے کے دل کے ساتھ ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ ضرب یا حبس (قید) کے تحمل پر قدرت رکھتا ہو بخلاف اس عجز کے جو ہم پہ ظاہر ہے اور اس نے بیع کی صراحت کسی مصلحت یا حظ کے پیشِ نظر کی ہو خصوصاً اس وقت جب وہ اپنے اختیار سے ثمن پر قبضہ کرے تو اس پر ہم بھی اس سے موافقت کریں گے تاکہ وہ حبس وغیرہ کے ذریعے ظالم کی عقوبت سے خلاصی پائے (اس صورت میں) گناہ صرف ظالم پر ہو گا مشتری پر نہیں، لیکن جب مشتری کو اس اکراہ کا علم ہو، گناہ کی نسبت مشتری کی طرف کرنا درست ہے۔)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مکرہ کی بیع کے بارے میں پہلا قول جس میں مکرہ کی بیع کو درست قرار نہیں دیا گیا وہ مشدد ہے اور عزیمت پر مبنی ہے، یعنی اہل تقویٰ کے ساتھ خاص ہے کہ وہ مکرہ کی بیع کو ناجائز ہی جانیں جب کہ دوسرا قول جس میں مکرہ کی بیع کو جائز قرار دیا گیا ہے وہ مخفف یعنی مبنی بر تخفیف ہے اور عوام الناس کے لیے ہے تاکہ عوام اس قول پر عمل کرتے ہوئے مکرہ کی بیع کو جائز جانیں۔

## ۵. نابینا شخص کی بیع کا حکم

نابینا شخص کی بیع و شرا کے جواز اور عدم جواز میں فقہاے کرام کا اختلاف ہے کہ نابینا شخص اگر کوئی چیز خریدتا ہے تو اس کی بیع درست ہو گی یا نہیں؟ اور اگر درست ہو گی تو کیا اس کو خیار حاصل ہو گا یا نہیں؟

اس اختلاف کی تفصیل درج ذیل ہے:

### حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

احناف، مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک نابینا شخص کی بیع و شرا، اجارہ، رہن اور ھبہ درست ہے لیکن (بیع میں) اسے ایسا خیار حاصل ہو گا جو مبیع کی معرفت کا فائدہ دے، مثلاً: جیسے چھونے، سونگھنے، چکھنے یا مبیع کے اوصاف پر اعتماد کر لینے سے جیسے پھلوں کا درختوں پر لگا ہونا وصف ہے اسی طرح گھر اور زمینوں کے اوصاف۔

ان کی دلیل درج ذیل حدیث ہے: "قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «إنما البيع عن تراض.»"[٣٥] (رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیع باہمی رضامندی سے ہوتی ہے۔)

چوں کہ نابینا شخص بیع پر راضی ہو چکا اور اس کے لیے مختلف وسائل کے ذریعے مبیع کی معرفت بھی ممکن ہے تو یہ بیع دیکھنے والے کی بیع کے مشابہ ہو گئی۔ اور یہ بیع اس لیے بھی درست ہے کہ جس طرح گونگے کا اشارہ اس

---

٣٥- محمد بن یزید ابن ماجہ، **سنن ابن ماجه**(بیروت:دار إحياء الكتب العربية)، رقم:٢١٨٥۔

کے نطق کے قائم مقام ہوتا ہے اسی طرح نابینا شخص کا سونگھنا اور چکھنا بھی دیکھنے کے قائم مقام ہے۔ (۳۶)

## شافعیہ کا نقطۂ نظر

شافعیہ فرماتے ہیں: "نابینا شخص کی بیع و شرا درست نہیں لیکن اگر اس نے وہ چیز (مبیع) نابینا ہونے سے پہلے دیکھ رکھی ہو اور مبیع ان چیزوں میں سے ہو جو متغیر نہیں ہوتیں جیسے لوہا وغیرہ تو جائز ہو گی۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نابینا شخص عمدہ اور ردی چیز کے ادراک سے عاجز ہوتا ہے، پس نابینا کی نسبت محل عقد مجہول ہوتا ہے۔" (۳۷)

## امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نابینا شخص کی بیع کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

ومن ذلك قول الأئمة الثلاثة إنه يصح بيع الأعمى وشراؤه وإجارته ورهنه وهبته ويثبت له الخيار إذا لمسه مع قول الشافعي في أرجح قوليه إنه لا يصح بيعه ولا شراؤه إلا إذا كان رأى شيئا قبل العمى مما لا يتغير كالحديد فالأول مخفف والثاني مشدّد، فرجع الأمر إلى مرتبتي الميزان، ووجه الأول حديث « إنما البيع عن تراض ( وقد رضي الأعمى بذلك ووجه الثاني قصور الأعمى عن إدراك الجيد والرديء، فربما ندم إذا أخبره الغير برداءة لونه مثلا ويحتاج إلى ردّه مع الحياء والخجل. (۳۸)

(مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک نابینا شخص کی بیع و شرا، اجارہ، رہن اور ہبہ درست ہو گا اور اس کے لیے مبیع کو چھونے کا اختیار ثابت ہو گا جب کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا راجح قول ہے کہ نابینا کی بیع و شرا درست نہیں لیکن اگر اس نے مبیع کو نابینا ہونے سے پہلے دیکھ رکھا ہو اور وہ ان چیزوں میں سے ہو جو متغیر نہیں ہوتیں جیسے لوہا وغیرہ (تو اس کی بیع درست ہو گی۔)

پس پہلا قول مخفف ہے اور دوسرا قول مشدد ہے؛ تو معاملہ میزان کے دو مرتبوں (تشدید اور تخفیف) کی طرف لوٹ گیا۔ پہلے قول کی وجہ وہ حدیث ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ بیع باہمی رضامندی سے منعقد ہوتی ہے اور نابینا شخص اس بیع پر راضی ہو چکا ہے۔ اور دوسرے قول کی وجہ نابینا شخص کا عمدہ اور ردی چیز کی پہچان سے عاجز ہونا

---

۳۶- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۳۷۔

۳۷- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۱۳۷۔

۳۸- الشعرانی، **المیزان الکبری**، ۲: ۶۶ ۶۷۔

ہے۔ مثلاً بعض اوقات وہ نادم ہوگا جب کوئی دوسرا شخص مبیع کے رنگ کے خراب ہونے کی خبر دے گا اور اسے وہ چیز لوٹاتے وقت حیا اور شرمندگی کا سامنا ہوگا۔

نابینا کی بیع کے جواز اور عدم جواز میں ائمۂ ثلاثہ کا مذہب مبنی بر رخصت ہے تاکہ وقتِ ضرورت نابینا کے لیے بھی بیع و شرا کی گنجائش ہو اور دوسرا قول مبنی بر عزیمت ہے یعنی اہل تقویٰ اور قوی ایمان والوں کے ساتھ خاص ہے۔

## تھنوں میں دودھ کی بیع

تھنوں میں دودھ کی بیع کے جواز اور عدمِ جواز میں فقہائے کرام کا اختلاف ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

## شافعیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک سیپی میں موتی کی بیع، تھنوں میں دودھ کی بیع اور بھیڑ کی پیٹھ پر اون کی بیع فاسد ہے اسی طرح کتاب کی طباعت سے پہلے بیع جائز نہیں؛ کیوں کہ اس صورت میں محلِ عقد موجود نہیں ہے۔ (۳۹)

ان کی دلیل درج ذیل روایت ہے:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: "نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُبَاعَ الثَّمَرَةُ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا أَوْ يُبَاعَ صُوفٌ عَلَى ظَهْرٍ أَوْ سَمْنٌ فِي لَبَنٍ أَوْ لَبَنٌ فِي ضَرْعٍ (۴۰)

(حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا جب تک کہ پھل پک نہ جائیں اور بھیڑ کی پیٹھ پر اون کی بیع سے، دودھ میں گھی کی بیع اور تھنوں میں دودھ کی بیع سے منع فرمایا ہے۔)

دوسرا یہ کہ تھنوں میں دودھ کی صفت اور مقدار مجہول ہے اس لیے بھی یہ بیع درست نہیں۔ (۴۱)

## حنفیہ کا نقطۂ نظر

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ تمام حنفیہ کے نزدیک بھی تھنوں میں دودھ کی بیع، سیپی میں موتی اور بھیڑ کی پیٹھ پر اون کی بیع جائز نہیں، اس میں جہالت اور اس کے منهی عنه ہونے کی وجہ سے۔ (۴۲)

---

۳۹- زحیلی، مرجع سابق، ۵:۸۳۔

۴۰- احمد بن الحسین البیہقی، **السنن الکبری**، (بیروت: دار الکتب العلمیة، ۲۰۰۳ء)، رقم: ۱۰۸۵۷۔

۴۱- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۸۳۔

۴۲- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۸۴۔

## مالکیہ کا نقطۂ نظر

مالکیہ کے نزدیک چرنے والی (ایک سے زیادہ) بکریوں کے تھنوں میں دودھ کی بیع جائز ہے جب کہ اس کے دن مقرر ہوں اور دودھ کی مقدار بھی معلوم ہو، لیکن اکیلی بکری کے تھنوں میں دودھ کی بیع جائز نہیں۔[۴۳]

## امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

ومن ذلك قول الأئمة الثلاثة إنه لا يجوز بيع اللبن في الضرع مع قول مالك بجواز بيعه أياما معلومة إذا عرف قدر حلابها، فالأول مشدّد ودليله الحديث الصحيح في ذلك والثاني مخفف لتسامح غالب الناس به أياما معلومة غالبا، بل رأينا من يسامح بلبن بقرته الشهر، وأكثر بطريق الإباحة أو الهبة والأول خاص بالأكابر من أهل الورع والثاني خاص بالعامة حيث طابت به نفس البائع[۴۴]

(مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک تھنوں میں دودھ کی بیع جائز نہیں، جب کہ امام مالک نے اس کے جواز کا قول کیا ہے جب کہ اس بیع میں دن معین ہوں اور دودھ کی مقدار بھی معلوم ہو۔ پس پہلا قول مشدد ہے اور اس کی دلیل اس مسئلے میں وارد احادیثِ صحیحہ ہیں جب کہ دوسرا قول مخفف ہے کیوں کہ لوگ اکثر معین دنوں تک تسامح کرتے ہیں بلکہ ہم نے گائے کے دودھ میں ایک ماہ یا اس سے زیادہ مدت کے لیے اباحت یا ہبہ کے طور پر تسامح کرتے دیکھا ہے۔)

پہلا قول اہل تقویٰ اکابر کے ساتھ خاص ہے اور دوسرا عامۃ الناس کے ساتھ خاص ہے جب (اس بیع پر) خریدنے والے کا دل راضی ہو جائے۔

تھنوں میں دودھ کی بیع کے بارے میں پہلا قول مشدد یعنی مبنی بر عزیمت ہے اور اہلِ تقویٰ کے ساتھ خاص ہے یعنی اہلِ تقویٰ تھنوں میں دودھ کی بیع سے گریز کریں جب کہ دوسرا قول مخفف یعنی مبنی بر رخصت ہے اور عوام الناس کے ساتھ خاص ہے کہ عوام الناس رخصت پر عمل کرتے ہوئے تھنوں میں دودھ کی بیع کر سکتے ہیں۔

## ۶. نقد (ہاتھوں ہاتھ) بیع سلم کا حکم

مسلم فیہ اگر ادھار ہو اور اس میں مدت متعین ہو تو اس کی بیع سلم پر تو تمام فقہائے کرام کا اتفاق ہے کہ ادھار میں بیع سلم جائز ہے، لیکن اگر مسلم فیہ نقد (بیع کے وقت موجود) ہو تو اس کی بیع سلم کے جواز اور عدمِ جواز میں

۴۳- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۸۴۔

۴۴- الشعرانی، **الميزان الكبرى**، ۲: ۶۷۔

اختلاف ہے۔ اس میں فقہاے کرام کے نقطہ ہاے نظر کی تفصیل درج ذیل ہے:

## حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ نے بیع سلم کے لیے مسلم فیہ کا ادھار ہونا شرط قرار دیا ہے۔ ان کے نزدیک نقد میں بیع سلم درست نہیں۔[۴۵] ان کی دلیل نبی کریم ﷺ کا درج ذیل فرمان ہے: "مَنْ أَسْلَفَ فَلْيُسْلِفْ فِي كَيْلٍ مَعْلُومٍ وَوَزْنٍ مَعْلُومٍ إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ."[۴۶] (نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی شئ میں سلم کیا تو اسے چاہیے کہ وہ متعین کیل، متعین وزن اور متعین مدت تک سلم کرے۔)

اس حدیث میں مدت مقرر کرنے کا حکم (بصیغہ امر) دیا گیا ہے اور امر وجوب کا تقاضا کرتا ہے۔ (اس حدیث کے مطابق) جیسے مسلم فیہ کا کیلی یا وزنی ہونا واجب ہے (ویسے ہی متعین مدت کا ہونا بھی واجب ہے۔ اور اس لیے بھی کہ بیع سلم لوگوں پر آسانی کی رخصت کے لیے جائز قرار دی گئی ہے اور یہ آسانی ادھار کی صورت میں ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ پس جب ادھار نہ رہا تو آسانی بھی نہ رہی اور بیع سلم بھی درست نہ رہی۔ پس رخصت کا اعتبار کرتے ہوئے بیع سلم کو اسی حال (ادھار) پر رکھا جائے گا جس پر یہ بیع وارد ہوئی ہے۔[۴۷]

## شافعیہ کا نقطۂ نظر

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بیع سلم نقد اور ادھار دونوں میں صحیح ہے۔ اگر بیع سلم میں نقد یا ادھار کا ذکر نہ کیا گیا بلکہ اس کو مطلق رکھا گیا اور بیع کے وقت مسلم فیہ بھی موجود تھا تو یہ سلم نقد واقع ہو گی؛ کیوں کہ جب بیع سلم ادھار میں جائز ہے تو نقد میں بدرجہ اولیٰ جائز ہو گی اور اس میں غرر سے بھی دوری ہے۔ حدیث میں "إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ" سے مدت کا علم ہونا مراد ہے نفس مدت نہیں۔[۴۸]

## امام شعرانی کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نقد میں بیع سلم کے جواز اور عدم جواز کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

---

۴۵- زحیلی، مرجع سابق، ۵: ۲۷۵۔

۴۶- ترمذی، **سنن الترمذی** (مصر: مکتبة مصطفی، ۱۹۷۵ء)، رقم الحدیث: ۱۳۱۱۔

۴۷- زحیلی، مرجع سابق، ۵:۲۷۵۔

۴۸- زحیلی، مرجع سابق، ۵:۲۷۵۔

ومن ذلك قول الشافعي إنه يجوز السلم حالا ومؤجلاً مع قول أبي حنيفة ومالك وأحمد إنه لايجوز السلم حالا، بل لا بد فيه من أجل ولو مدة يسيرة، فالأول مخفف بترك الأجل والثاني مشدد، فرجع الأمر إلى مرتبتي الميزان ، ووجه الأوّل أن السلم في أصله بيع، والبيع يجوز حالا ومؤجلًا، فكذلك السلم ، ووجه الثاني أنه بيع عين في الذمة الغالب فيه التأجيل فانصرف الحكم إليه.[۴۹]

(مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ امام شافعی کے نزدیک نقد اور ادھار دونوں صورتوں میں بیع سلم جائز ہے، جب کہ امام ابو حنیفہ، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ نقد میں بیع سلم کو جائز قرار نہیں دیتے، بلکہ سلم کے لیے (ادھار کی) مدت کو ضروری قرار دیتے ہیں خواہ وہ مدت تھوڑی ہی ہو۔

(پس پہلا قول ترکِ مدت کی وجہ سے مخفف ہے اور دوسرا قول مشدد۔ تو معاملہ میزان کے دو مرتبوں (تشدید اور تخفیف) کی طرف لوٹ گیا۔ پہلے قول کی وجہ یہ ہے کہ سلم بھی در حقیقت بیع ہی ہے اور بیع نقد اور ادھار دونوں صورتوں میں جائز ہے تو اسی طرح سلم بھی دونوں صورتوں میں جائز ہوئی۔ اور دوسرے قول کی وجہ یہ ہے سلم ایسی بیع ہے جو بائع کے ذمے لازم ہوتی ہے اور اکثر اس میں مدت متعین کی جاتی ہے تو اس میں حکم اکثر کی طرف لوٹ جائے گا (یعنی مدت متعین کرنا لازم ہو گا۔)

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے نقد میں سلم کے بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ذکر کیا جس میں انھوں نے جواز کا قول کیا ہے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے امام شافعی کی دلیل کے طور پر سلم کو بھی عام بیوع کی طرح ایک بیع ہی قرار دیا ہے۔ اب چوں کہ دوسری بیوع، ادھار اور نقد دونوں صورتوں میں درست ہوتی ہیں ، اس لیے انھی پر قیاس کرتے ہوئے سلم بھی جائز اور درست ہوئی۔ اس مسئلے میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے امام شافعی کے مذہب کو مبنی بر رخصت قرار دیا ہے کیوں اس میں مدت متعین کرنا شرط نہیں ہے۔ پس ادھار یا نقد جس طرح معاملہ طے پائے اسی طرح سلم درست ہو گی اور اسی میں رخصت ہے اور جو عزیمت پر عمل کرنا چاہے وہ ائمۂ ثلاثہ کے مذہب پر عمل کرے۔

## ۷. حیوان میں سلم اور قرض کا حکم

حیوان میں سلم کے جواز اور عدمِ جواز میں فقہاے کرام کی آرا مختلف ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

---

۴۹- الشعرانی، المیزان الکبری، ۲:۷۳۔

## حنفیہ کا نقطۂ نظر

حنفیہ کے نزدیک حیوان میں سلم کسی بھی حالت میں جائز نہیں۔[۵۰] ان کی دلیل حضرت عبد اللہ ابن عباس سے مروی وہ حدیث ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے حیوان میں سلم سے منع فرمایا ہے۔[۵۱] اور یہ بیع اس لیے بھی صحیح نہیں کیوں کہ حیوان ایسے اختلاف کے ساتھ مختلف ہوتے ہیں جو ان کی قیمت کے اندازے میں ایسی دوری کا سبب بنتا ہے جس کو ضبط میں لانا ممکن نہیں اگرچہ مجوّز اس کی ان صفات کی تہہ تک بھی پہنچ جائے جن کی وجہ سے قیمت مختلف ہوتی ہے۔[۵۲]

## مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ کا نقطۂ نظر

مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ نے حیوانات میں قرض کے جواز پر قیاس کرتے ہوئے ان میں سلم کو بھی جائز قرار دیا ہے۔ ان کی دلیل وہ حدیث ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ وہ دو اونٹوں کے بدلے ایک اونٹ ادھار خریدیں۔ یہ سلم ہے قرض نہیں کیوں کہ اس بیع میں زیادتی (ایک اونٹ کے بدلے دو اونٹ) بھی ہے اور مدت (ادھار) بھی۔[۵۳]

## امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا نقطۂ نظر اور تطبیق

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ حیوانات میں بیع سلم کے جواز اور عدمِ جواز کے بارے میں مختلف فیہ اقوال کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

ومن ذلك قول مالك والشافعي وأحمد وجمهور الصحابة والتابعين إنه يجوز السلم والقرض في الحيوان من الرقيق والبهائم والطيور ماعدا الجارية التي يحل وطؤها للمقترض مع قول أبي حنيفة إنه لا يصح السلم في الحيوان ولا اقتراضه ومع قول المزني وابن جرير الطبري بجواز قرض الإماء اللواتي يجوز للمقترض وطؤهن، فالأوّل مخفف على الناس وقول أبي حنيفة مشدّد وقول المزني وابن جرير مخفف، فرجع الأمر إلى مرتبتي الميزان ، ووجه الأول صحة الأحاديث نوى فيه ووجه الثاني سرعة موت الحيوان أو إباقه أو إضلاله وتعسر وجود مثله ليرده إليه، فإن

---

۵۰- زحیلی، مرجع سابق ،۵:۸۵۔

۵۱- علی بن عمر الدارقطنی، **السنن** (بیروت: دار المعرفة، ۲۰۰۱ء)، رقم: ۳۰۵۹۔

۵۲- زحیلی، مرجع سابق ،۵:۲۸۵۔

۵۳- زحیلی، مرجع سابق ،۵:۲۸۵۔

المثلية في مثل ذلك عزيزة والأجود المأمور به شرعا لا تسمح غالب النفوس به ووجه الثالث استبعاد وقوع المقترض في وطء الجارية من غير ملك البضع على القول بعدم الملك بالقبض، فهو محمول على حال الأكابر من أهل الدين كما أن مقابله محمول على حال رعاع الناس فافهم.[۵۴]

(اور مختلف فیہ مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور جمہور صحابہ و تابعین حیوان یعنی غلام چوپائے اور پرندوں کی بیع جائز قرار دیتے ہیں سوائے اس لونڈی کے جس کے ساتھ وطی کرنا قرض لینے والے کے لیے حلال ہو۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حیوان میں نہ ہی سلم کو درست قرار دیتے ہیں اور نہ ہی قرض کو جب کہ امام مزنی اور ابن جریر طبری ان لونڈیوں کے قرض کو جائز قرار دیتے ہیں جن کے ساتھ وطی کرنا قرض لینے والے کے لیے حلال ہو۔
پس پہلا قول لوگوں پر مخفف ہے، امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول مشدد ہے اور امام مزنی اور ابن جریر کا قول مخفف ہے۔ تو معاملہ میزان کے دو مرتبوں (تشدید اور تخفیف) کی طرف لوٹ گیا۔
اور پہلے قول کی وجہ اس بارے میں وارد ہونے والی احادیثِ صحیحہ ہیں۔ اور دوسرے قول کی وجہ حیوان کی جلد موت، اور اس کا بھاگ جانا یا گم ہو جانا ہے۔ اور اس حیوان کی مثل دوسرے حیوان کا پایا جانا بھی مشکل ہے کہ اس کا بدل دیا جا سکے کیوں کہ اس قسم کی چیزوں کا مثل متعذر ہے اور اس سے عمدہ حیوان جس کا شرع نے حکم دیا ہے اس کی طرف اکثر لوگ توجہ نہیں کرتے۔ تیسرے قول کی وجہ قرض لینے والے کا ملک بضع کے بغیر لونڈی کے ساتھ وطی کے وقوع کو بعید جاننا ہے اس قول کی بنا پر کہ صرف قبضے سے ملک بضعہ حاصل نہیں ہوتی۔ تو یہ اہلِ دین اکابر کے حال پر محمول ہے جیسے اس کا مخالف قول معمولی لوگوں کے حال پر محمول ہے۔ پس تو سمجھ۔)

حیوان میں بیع سلم اور قرض کے جواز اور عدم جواز میں فقہاے کرام کے اقوال ذکر کرنے کے بعد امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے دو الگ الگ مسائل (حیوان میں سلم اور لونڈیوں میں قرض) کو میزان کے دو مراتب کی طرف لوٹاتے ہوئے فرمایا کہ (حیوان میں سلم اور قرض کے مسئلہ میں) ائمۂ ثلاثہ جمہور صحابہ کرام اور تابعین کے قول کو مبنی بر رخصت اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو عزیمت پر مبنی قرار دیا ہے۔ اور دوسرے مسئلے (لونڈیوں میں قرض) کے بارے میں امام مزنی اور ابن جریر طبری کے قول کو مبنی بر رخصت قرار دیا ہے۔

## خلاصۂ بحث

عبادات اور دیگر معاملات کی طرح عقودِ مالیہ میں بھی امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کے نظریۂ تطبیق کے نظائر ملتے

۵۴- الشعرانی، **المیزان الکبری**، ۲:۷۳۔

ہیں۔ عقودِ مالیہ سے متعلق مختلف فیہ مسائل میں تطبیق کے دوران میں بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ نے میزان کے دو درجات تشدید (عزیمت) اور تخفیف (رخصت) کو ہی ملحوظ رکھا ہے۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے نظریۂ تطبیق کی بنیاد تشدید اور تخفیف ہی پر رکھی ہے۔ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تطبیقات میں اکابر اہلِ تقویٰ اور عوام الناس کے درجۂ ایمان اور قوتِ جسم کا خوب لحاظ رکھتے ہوئے دو علیٰحدہ علیٰحدہ حکم (عزیمت اور رخصت) بیان فرمائے ہیں تاکہ قوی (اکابر اہلِ تقویٰ) ائمۂ اربعہ کے اقوال میں سے اس قول پر عمل کریں جس میں احتیاط زیادہ ہے اور عوام الناس کے لیے رخصت ہے کہ وہ جس قول میں سہولت اور نرمی ہو اسے اپنائیں لیکن یہاں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ قوی شخص کو اختیار نہیں کہ وہ رخصت پر عمل کرے، یعنی اس پر لازم ہے کہ وہ تشدید (عزیمت) ہی اختیار کرے۔ اس کے برعکس ضعیف کو تشدید (عزیمت) پر عمل کرنے کا مکلف نہیں بنایا جائے گا اس پر لازم ہے کہ وہ تخفیف (رخصت) پر ہی عمل کرے۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

## List of Sources in Roman Script


- ❖ Al-Sha'rani, Abdul Wahab, Luwakih al-Anwar al-Qudsiyah (Introduction), Beirut: Dar Sadir.
- ❖ Haji Khalifa, Kashful Zunun, Quetta, Pakistan: Maktaba Farooqia.
- ❖ Kahala, Umar Raza, Mu'jam al-Mu'allifin, Beirut: Dar Ihya al-Turath al-Arabi.
- ❖ Al-Sha'rani, Abdul Wahab, Al-Minan al-Kubra, Beirut: Dar al-Kutub al-Ilmiyah, 1420 AH.
- ❖ Al-Sha'rani, Abdul Wahab, Al-Yawaqit wal-Jawahir, Egypt.
- ❖ Al-Munawi, Abdul Rauf, Tabaqat Kubra (Hashiya Muhammad Adib al-Jadur), Beirut: Dar Sadir.
- ❖ Al-Sha'rani, Al-Mizan al-Kubra, Egypt: Mustafa al-Babi.
- ❖ Al-Jassas, Ahmed bin Ali, Abu Bakr al-Razi, Ahkam al-Quran, Beirut: Dar al-Kutub al-Ilmiyah, 1415 AH.
- ❖ Al-Mawsu'ah al-Fiqhiyah al-Kuwaitiyah, Kuwait: Ministry of Awqaf and Islamic Affairs.
- ❖ Dr. Wahbah al-Zuhayli, Al-Fiqh al-Islami wa Adillatuh, Damascus: Dar al-Fikr, Fourth Edition.
- ❖ Abu Dawood Sulaiman bin al-Ash'ath, Sunan Abi Dawood, Beirut: Dar al-Risalah al-Alamiyyah, 2009.
- ❖ Al-Bukhari, Muhammad bin Ismail, Al-Jami' al-Sahih, Beirut: Dar Tauq al-Najah, 1422 AH.
- ❖ Muslim bin al-Hajjaj, Sahih Muslim, Beirut: Dar Ihya al-Turath al-Arabi.
- ❖ Ibn Majah, Muhammad bin Yazid, Sunan Ibn Majah, Beirut: Dar Ihya al-Kutub al-Arabiyya.
- ❖ Al-Bayhaqi, Ahmed bin al-Hussein, Al-Sunan al-Kubra, Beirut: Dar al-Kutub al-Ilmiyah, 2003.
- ❖ Al-Tirmidhi, Sunan al-Tirmidhi, Egypt: Maktaba Mustafa, 1975.
- ❖ Dar Qutni, Ali bin Umar, Al-Sunan, Beirut: Dar al-Ma'arif, 2001